# مانو فاصلاتی کورسز، 30 ستمبر داخلوں کی آخری تاریخ

## ناندیڑ میں پرتیبھا نکیتن مہاودھیالیہ نیا اسٹڈی سنٹر

حیدرآباد، 23رستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی توسیع شدہ تاریخ 30 ستمبر ہے۔ پروفیسر ابوالکلام، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب یو جی سی ڈسٹنس ایجوکیشن بیوریو (UGC-DEB) نے ملک کی مختلف ریاستوں میں آفات سماوی کے پیش نظر داخلوں کی تاریخ میں توسیع کی ہے۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ https://manuucoe.in/DDEOnlineAdmission19/ پر دستیاب ہیں۔ اُمیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-23008463 اور 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں وکشمیر)، جموں، نوح (میوات)، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل/سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ناندیڑ میں یونیورسٹی نے یو جی سی کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق پرتیبھا نکیتن، مہاودھیالیہ، بندھا گھاٹ روڈ، وزیر آباد، ناندیڑ نیا اسٹڈی سنٹر مقرر کیا ہے۔ مزید معلومات اور داخلہ کے عمل میں رہنمائی کے لیے ڈاکٹر تسنیمہ انجم، کوآرڈینیٹر سے فون نمبرات 9975812049 اور 9975783192 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

سیاست

24 SEP 2019

رہنمائے دکن

## مانو فاصلاتی کورسز میں داخلوں کی آخری تاریخ

حیدرآباد، 23/ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی توسیع شدہ تاریخ 30 ستمبر ہے۔ پروفیسر ابوالکلام، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب یو جی سی ڈسٹنس ایجوکیشن بیوریو (UGC-DEB) نے ملک کی مختلف ریاستوں میں آفات سماوی کے پیش نظر داخلوں کی تاریخ میں توسیع کی ہے۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ https://manuucoe.in/DDEOnlineAdmission19/ پر دستیاب ہیں۔ اُمیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-23008463 اور 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں و کشمیر)، جموں، نوح (میوات)، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل / سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

## فاصلاتی کورسز، 30 ستمبر داخلوں کی آخری تاریخ

حیدرآباد۔23 ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی توسیع شدہ تاریخ 30 ستمبر ہے۔ پروفیسر ابوالکلام، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب یو جی سی ڈسٹنس ایجوکیشن بیوریو (UGC-DEB) نے ملک کی مختلف ریاستوں میں آفات سماوی کے پیش نظر داخلوں کی تاریخ میں توسیع کی ہے۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ https://manuucoe.in/DDEOnlineAdmission19 پر دستیاب ہیں۔ اُمیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-2300846 اور 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں و کشمیر)، جموں، نوح (میوات)، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل / سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

رہنمائے دکن

24 SEP 2019

سیاست

## فاصلاتی طلبہ کیلئے پلیسمنٹ ڈرائیو

حیدرآباد۔23 ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے تربیت وتعیناتی سیل اور نظامت فاصلاتی تعلیم کے زیراشتراک پلیسمنٹ ڈرائیو کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ڈاکٹر محمد یوسف خان، انچارج سیل، کے بموجب مانو کے فاصلاتی کورسز کامیاب طلبہ یا فائنل ایئر کے گریجویشن/ پوسٹ گریجویشن/ ڈپلوما/ سرٹیفکیٹ پروگرامس میں تعلیم حاصل کررہے طلبہ لنک https://tinyurl.com/ddejobfair پر جو www.manuu.ac.in پر دستیاب ہے، 25/ستمبر 2019 تک اپنا نام رجسٹر کرواسکتے ہیں۔پلیسمنٹ ڈرائیو کی تاریخ کا متعاقب اعلان کیا جائے گا۔انٹرویو کے وقت طلبہ اپنا تازہ ترین بائیوڈاٹا اور دو پاسپورٹ سائز فوٹو ساتھ رکھیں۔تفصیلات کے لیے فون نمبرات 9985916740 اور 9848171044 پر بھی ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔فاصلاتی تعلیم کے فارغین سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کی خواہش کی گئی ہے۔

RP

## مانو کے فاصلاتی طلبہ کے لیے پلیسمنٹ ڈرائیو

حیدرآباد، 23/ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے تربیت وتعیناتی سیل اور نظامت فاصلاتی تعلیم کے زیراشتراک پلیسمنٹ ڈرائیو کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ڈاکٹر محمد یوسف خان، انچارج سیل، کے بموجب مانو کے فاصلاتی کورسز کامیاب طلبہ یا فائنل ایئر کے گریجویشن/ پوسٹ گریجویشن / ڈپلوما/ سرٹیفکیٹ پروگرامس میں تعلیم حاصل کر رہے طلبہ لنک https://tinyurl.com/ddejobfair پر جو www.manuu.ac.in پر دستیاب ہے، 25/ستمبر 2019 تک اپنا نام رجسٹر کرواسکتے ہیں۔پلیسمنٹ ڈرائیو کی تاریخ کا متعاقب اعلان کیا جائیگا۔

S

سیاست

24 SEP 2019

# شعبہ اسلامک اسٹڈیز، مانو میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد

حیدرآباد، 23 رستمبر (پریس نوٹ) ''طلبہ اپنی روزمرہ کی زندگی میں مطالعہ کے لئے وقت مقرر کریں، اپنے اندر کی خصوصیات کو نکھارنے کی کوشش کریں۔ ان خیالات کا اظہار صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، مانو، پروفیسر محمد فہیم اختر نے بزم طلبہ کے تحت منعقدہ استقبالیہ تقریب کے موقع پر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ''جب سے حصولِ علم کے لئے دور دراز علاقوں کا سفر کرنا رکا ہے، تبھی سے علم کے انحطاط اور زوال کا دور شروع ہو گیا ہے''۔ ڈاکٹر شکیل احمد نے نئے طلبہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ''طلبہ گوناگوں صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں، لہٰذا شعبہ کی کوشش رہے گی کہ ان صلاحیتوں کی آبیاری کر کے انھیں نکھارا جائے۔ اور اسلام کی مطلوبہ صفات بھی ہیں''۔ طلبہ کو اس تقریب کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی۔ بزم طلبہ کی اس تقریب کو ایم اے سال دوم کے طلبہ نے اپنے جونیئر اور نئے داخلہ لینے والے ساتھیوں کے لئے آراستہ کیا تھا۔ اس موقع پر شیخ سیف الدین نے نئے ساتھیوں کا استقبال کیا۔ سمیرہ رابعہ نے بزم طلبہ کے تحت ہونے والے سال بھر کے پروگراموں کا تعارف کروایا۔ پروگرام کا آغاز مرزا انصار بیگ کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ طالبہ میمونہ نے غزل پیش کی۔ سال اول کے طلبہ نے اپنا تعارف پیش کیا۔ صدر شعبہ و صدر اجلاس کے ہاتھوں سال اول کے طلباء میں تحائف تقسیم کئے گئے۔ نظامت کے فرائض عبدالرحیم نے انجام دیئے۔ پروگرام کا اختتام سال دوم کی طالبہ ثریا رانی کے اظہار تشکر پر ہوا۔

S